https://citylaws.pk/

وکالت نامہ / مختار نامہ دیوانی

کورٹ فیس

بعدالت جناب________________________________

دعویٰ/درخواست بعنوان ____________ بنام ____________

قسم دعویٰ/درخواست____________ منجانب ____________**باعث تحریر آنکہ**

مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں واسطے پیروی اور جوابدہی اور دیگر کاروائی متعلقہ بمقام__________کے واسطے __________کو بدیں شرط وکیل مقرر کرکے اقرار کیا جاتا ہے کہ مظہر ہر پیشی پر خود یا بذریعہ مختار خاص روبرو عدالت حاضر ہوتا رہوں گا اور بوقت پکارے جانے وکیل صاحب موصوف کو اطلاع دیکر حاضر کروں گا۔ اگر پیشی پر من مظہر حاضر نہ ہو اور صاحب موصوف کسی دوسری عدالت میں مصروف ہوں یا کچہری کے علاوہ کسی اور جگہ مصروف ہوں یا کچہری کے مقررہ اوقات سے پہلے یا بعد میں یا بروز تعطیل مقدمہ میں پیروی کیلئے پکار ہو تو مقدمہ میں پیش نہ ہونے کی بنا پر مظہر یا مقدمہ کو کوئی نقصان پہنچے تو اس کی ذمہ داری صاحب موصوف پر نہ ہوگی اور صاحب موصوف اس بابت مختار نامہ ہذا واپس کرنے کے بھی ذمہ دار نہ ہوں گے۔ مظہر کو ساختہ پرداختہ صاحب موصوف کا منظور اور قبول ہو گا و نیز صاحب موصوف کو یہ بھی اختیار حاصل ہے کہ کسی دوسرے کو بجائے اپنے ساتھ اپنے کل یا جزو کاروائی مقدمہ مذکورہ بالا کے واسطے مقرر دیں کریں اور ایسے صاحب مقرر شدہ کو بھی وہی اختیار حاصل ہو گا ۔ صاحب موصوف کو عرضی دعویٰ، جواب دعویٰ۔ درخواست جواب درخواست، درخواست اجراء وغیرہ دائر کرنے، دستخط کرنے، تصدیق کرنے، نظر ثانی اپیل/ نگرانی دائر کرنے، رسید دینے، داخل کرنے، مقدمہ/درخواست میں ہر قسم کا بیان دینے و سپرد ثالثی کرنے، فیصلہ برحلف پر کرنے کرانے و بیان راضی نامہ دینے، فیصلہ برخلاف کرنے و اقبال دعویٰ کرنے، بصورت عدم پیروی یاڈگری یکطرفہ کی برآمدگی و منسوخی دائر کرنے کا صاحب موصوف کو جملہ اختیار ہو گا اور صاحب موصوف کو ایسے دیے گئے اختیار کی انجام دہی پر من مظہر کو کوئی اعتراض نہ ہو گا۔ نیز موجودہ و بقایا خرچہ اور دیگر ہر قسم روپیہ وہ بھی صاحب موصوف منجانب من مظہر وصول کر سکتا ہے اور دوران مقدمہ مذکورہ میں جو ہرجہ و خرچہ بوجہ التوائے مقدمہ پڑے گا وہ بھی صاحب موصوف کا حق ہو گا۔ نیز من مظہر صاحب موصوف کو جملہ فیس کی ادائیگی سے قبل دوسرا کونسل مقرر نہ کروں گا نیز دوسرا کونسل مقرر کرنے کی صورت میں طے کردہ جملہ فیس کی وصولی کا کلیرنس سرٹیفکیٹ عدالت متعلقہ میں پیش کرنے کا پابند رہوں گا ۔ لہٰذا وکالت نامہ ہذا سنداً تحریر کر دیا ہے۔

مورخہ ____________ دستخط کونسل ____________

العبد **العبد** **العبد** **العبد**